آزاد کشمیر گورنمنٹ کوآپریٹو بینک لمیٹڈ ہیڈ آفس مظفرآباد

عنوان: نیلامی سرکاری گاڑی و موٹر سائیکل

آزاد کشمیر گورنمنٹ کوآپریٹو بینک لمیٹڈ کی ملکیتی گاڑی AJKB-6548 تھری ڈور پجارو ماڈل 1989 اور Honda موٹر سائیکل CG-125 نمبر AJKC-659 جہاں ہیں جیسے ہیں کی بنیاد پر پیشکش دہندگان کی جانب سے بذریعہ sealed Bid نیلام عام فروخت کی جانی مطلوب ہیں۔ نیلامی میں حصہ لینے والے خواہشمند حضرات/پیشکش دہندگان گاڑی و موٹر سائیکل کا معائنہ احاطہ دفتر آزاد کشمیر گورنمنٹ کوآپریٹو بینک لمیٹڈ ہیڈ آفس واقع بینک روڈ مظفرآباد دفتری اوقات کار کے دوران کر سکتے ہیں لہٰذا مجوزہ نیلام عام میں حصہ لینے والے خواہشمند حضرات اپنی پیشکش تابع تکمیل شرائط مورخہ 30-03-2022 بمقام سابقہ احاطہ FWO نزد نیو ماڈل پولیس اسٹیشن چھتر دومیل بوقت 09:00 تا 11:00 بجے تک موقعہ پر inbox یعنی داخل کروا سکیں گے جو اسی دن نیلام کمیٹی کی آمد پر بوقت 11:30 بجے پیشکش دہندگان کے روبرو کھولی جائیں گی۔

شرائط

1۔ پیشکش دہندگان مورخہ 29-03-2022 بوقت 04:30 بجے دن تک دفتر سنٹرل ٹرانسپورٹ پول (ڈسٹرکٹ بلاک H مظفرآباد) میں خود/فرم کو ذاتی طور پر حاضر ہو کر رجسٹرڈ کروا کر کوٹیشن فارم حاصل کریں گے لہٰذا انہی افراد/فرد ہاء کی Bids کو زیر غور لایا جائے گا جنہوں نے ٹرانسپورٹ پول میں رجسٹریشن کروا کر کوٹیشن فارم حاصل کیا ہو گا۔

2۔ گاڑی اور موٹر سائیکل کیلئے الگ الگ کوٹیشن فارم حاصل کرنا لازمی ہو گا۔

3۔ 3- گاڑی اور موٹر سائیکل کیلئے اپنی پیش کش دینے والے فرد/فرم کے لئے کل مالیت کا 10% زرضمانت بنام جنرل منیجر آزاد کشمیر گورنمنٹ کوآپریٹو بینک لمیٹڈ (سیکرٹری کمیٹی) نیشنل بینک ڈرافٹ شامل کرنا لازمی ہو گا۔

4۔ گاڑی اور موٹر سائیکل کیلئے زیادہ سے زیادہ انراخ کے حامل پیشکش ہندہ کو ہی گاڑی/موٹر سائیکل تابع تکمیل شرائط گاڑی/موٹر سائیکل فروخت کیا جائے گا جبکہ پہلے نمبر پر آنے والے Bidder کی جانب سے گاڑی/موٹر سائیکل خرید نہ کیے جانے کی صورت میں CDR بحق کوآپریٹو بینک ضبط کی جائے گی اور سیکنڈ یا تھرڈ Bidder کو اسی قیمت پر (جو پہلے Bidder کی ہو گی) کو گاڑی اٹھانے کی آفر کی جائے گی۔

5۔ کامیاب پیشکش دہندہ کو 10 ایام کے اندر تمام رقم جمع کروا کر گاڑی/موٹر سائیکل موقع سے اٹھانا ہو گی۔ گاڑی/موٹر سائیکل نہ اٹھانے کی صورت میں 10% زرضمانت بحق کوآپریٹو بینک ضبط کر لی جائے گی۔

6۔ گاڑی/موٹر سائیکل دفتر اوقات کار کے دوران درج مقام پر اشتہار کی اشاعت کے بعد ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

7۔ اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ ہمراہ لانا لازمی ہو گا۔

8۔ جملہ پیشکش ہاء میں گاڑی/موٹر سائیکل کی قیمت نیلامی بغیر ٹیکسز کے درج کرنا ہو گی اور کامیاب Bidder سے انکم ٹیکس بحساب (Active Taxpayers 10% & Non Taxpayer 20%) کے علاوہ انکم ٹیکس کی کل رقم کا 10% ایجوکیشن سیس جبکہ 0.5% تجوید القرآن ٹرسٹ اور کشمیر لبریشن سیس 1 روپیہ فی ہزار کے پیشکش کے علاوہ وصول کیا جائے گا۔

9۔ ریزرو پرائس سے کم قیمت قابل قبول نہیں ہو گی۔

10۔ نیلام کمیٹی کو آزاد جموں و کشمیر PPRA رولز 2017 کے قاعدہ نمبر (33) کے تحت Rejection of Bids کا اختیار حاصل ہو گا۔

11۔ یہ اشتہار AJK PPRA کی ویب سائٹ www.ppra.ajk.gov.pk پر برائے اطلاع عام دستیاب ہے۔

انچارج جنرل منیجر/سیکرٹری کمیٹی

آزاد کشمیر گورنمنٹ کوآپریٹو بینک لمیٹڈ ہیڈ آفس

بینک روڈ مظفرآباد آزاد کشمیر۔ موبائل نمبر: 0322-9401052

AJK No:243D/3/2022